رہبر معظم کا قرآن مجید کی تجوید اور قرائت کے ممتاز استاد کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 18 /Oct/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے قرآن مجید کی تجوید اور قرائت کے ممتاز استاد جناب ابراہیم پورفرزیب کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم کے تعزیتی پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن مجید کی تجوید اور قرائت کے مسلّم اور ممتاز استاد مرحوم جناب ابراہیم پورفرزیب کی رحلت پر ملک کے قرآنی معاشرے ، مرحوم کے خاندان، شاگردوں اور پسماندگان کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں ۔ مرحوم نے قرآنی اساتید کے تربیت کے ساتھ اس رشتہ میں کئی مفید کتابیں بھی تحریر کیں ۔ مرحوم کے لئے اللہ تعالی کی رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں اور اللہ تعالی مرحوم کو قرآن مجید کے ساتھ محشور فرمائے۔

سید علی خامنہ ای

24/مہر/1393